# خوش آمدید...


ہم برمنگھم بھر میں ایسے بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کی مدد کرتے ہیں جو کہ سوگواری، گھریلو زیادتی اور والدین کی علیحدگی کی وجہ سے متاثر ہو گئے ہوں۔

اگر آپ یا آپ کے بچے کو ان میں سے کسی بھی مشکل کا سامنا کرنا پڑا ہو تو ہم جذباتی تندرستی حاصل کرنے اور مستقبل کی امید کے لیے آپ کی مشکلات سے نمٹنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔



# بچوں اور نوجوانوں کے لیے پلے تھراپی اور کونسلنگ

ہم 4 تا 18 سال کی عمر کے بچوں اور نوجوانوں کو بالمشافہ کونسلنگ یا پلے تھراپی فراہم کرتے ہیں۔ ہم ان بچوں کے ساتھ کام کرتے ہیں جو کہ سوگ یا گھریلو زیادتی کے شکار ہوئے ہوں۔ اکثر اوقات ہم ایسے بچوں کے ساتھ کام کرتے ہیں جنہوں نے پیچیدہ نوعیت کے صدمے کا سامنا کیا ہوتا ہے جس کا مطلب ہے کہ بچے کو صدمے یا ایک سے زیادہ قسم کے خسارےکا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔



آپ اس سروس سے خود رجوع کر سکتے ہیں یا اسکول کی طرف سے کسی بچے کو ریفر کیا جا سکتا ہے۔ براہ کرم اس امر کو یقینی بنائیں کہ کسی بچے کا ریفرل بھیجنے سے قبل آپ کے پاس اس کے خاندان کی اجازت موجود ہو اور یہ کہ بچہ بھی ریفرل کے بارے میں جانتا ہو۔

ان کے ساتھ کام کرنے کے لیے ہمیں ہمیشہ بچے یا نوجوان کا معاہدہ درکار ہوتا ہے۔

ہماری طرف ریفرل کا آغاز کرنے سے قبل مہربانی فرما کر www.beyondthehorizon.org.uk پر جائیں اور ہمارے ساتھ رابطہ کرنے کا صفحہ تلاش کریں۔

# بیئر

ہمارا **بیئر** (سوگواری، جذبات اور لچکداری) پروجیکٹ ان خاندانوں کی مدد کرتا ہے جنہوں نے گزشتہ چھ ماہ میں کسی عزیز کی موت کا سامنا کیا ہو۔



یہ کسی بچے کے ساتھ بالمشافہ کام نہیں۔ تھراپسٹ ہر خاندان کو چھ ہفتوں تک ویزٹ کرے گا اور ان کے ساتھ ان کے گھر پر یا گھر کے قریب ملاقات کرے گا۔ تھراپسٹ خاندان کے لیے مصروفیات اور وسائل فراہم کرتا ہے اور ان کے سوگ کے سفر میں شامل ہو کر ان کی مدد کرتا ہے۔

# اسکولوں کے ساتھ کام کرنا

اسکولز تھراپی کے لیے بالمشافہ سروسز، سوگواری کے گروپس یا عملے اور والدین کے لیے تربیت اور وسائل، یا سی ٹی آر ٹی [CPRT] (چائلڈ ٹیچر ریلیشن شپ تھراپی) کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔



مثال کے طور پر ہم اسکول کے کنٹریکٹس فراہم کرتے ہیں جن میں اسکول میں ہر ہفتے آدھے دن/پورے دن کے لیے ایک نامزد کردہ کونسلر یا پلے تھراپسٹ فراہم کیا جاسکتا ہے۔

اسکول کی کمیونٹی میں جب کوئی غیر متوقع یا اچانک موت واقع ہو جائے تو ہم اس کے لیے مشاورت اور مدد فراہم کر سکتے ہیں۔

## والدین کے لیے معاونت

ہم اپنے تھراپسٹ میں سے کسی ایک کے ساتھ والدین کے لیے بذریعہ فون یا ویڈیو کال بالمشافہ مشاورت کے چار سیشن پیش کرتے ہیں۔

تھراپسٹ اپنے رائے مسلط کیے بغیر والدین کو درپیش نگہداشتی مشکلات کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے ایک ہمدردانہ جگہ فراہم کرتے ہیں۔

تھراپسٹ تھوڑی سی نفسیاتی تربیت بھی فراہم کرے گا/گی جو کہ والدین/کیئررز کو اپنے اور اپنے بچے/بچوں دونوں کے رویے کے پس پردہ احساسات کو سمجھنے میں مدد دے سکتی ہے۔



ہماری کسی بھی سروسز کے بارے میں ریفرل سے متعلق بات چیت کرنے کے لیے مہربانی فرما کر اس پر جائیں: www.beyondthehorizon.org.uk اور ہمارے ساتھ رابطے کا صفحہ ملاحظہ فرمائیں۔

## چائلڈ پیرنٹ ریلیشن شپ تھراپی

سی پی آر ٹی ثبوت پر مبنی ایک علاج معالجہ اور والدین کا کورس ہے۔ یہ والدین کو سکھاتا ہے کہ وہ پلے تھراپسٹ کی طرف سے استعمال کی جانے والی چند ایک مہارتوں کو کس طرح استعمال کریں تاکہ ان مہارتوں کو جذباتی، یا ذہنی صحت کے مسائل کا سامنا کرنے والے بچوں کی مدد کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

ہم سال کے مختلف اوقات میں شمالی برمنگھم اور جنوبی برمنگھم میں سی پی آر ٹی کے کورسز چلاتے ہیں۔ ہمیں اس نمبر 0121 444 5454 پر فون کر کے معلوم کریں کہ ہمارا اگلا کورس کب شروع ہو گا۔




ٹیلیفون: 0121 444 5454
ای میل: admin@beyondthehorizon.org.uk
(ریفرل کے بغیر معلومات حاصل کرنے کے لیے)

Beyond the Horizon Charity
Moseley Exchange
149-153 Alcester Road
Moseley
Birmingham B13 8JP


## پینگوئن پروجیکٹ

جب کوئی نقصان پہنچے یا فیملی میں علیحدگی ہو جائے تو ہمارا **پینگوئن پروجیکٹ** بچے اور والدین/کیئر کرنے والوں کو مدد فراہم کرتا ہے۔ اس کو پیرنٹ سپورٹ کے چار انفرادی سیشنز یا ہمارے دس ہفتوں کے چائلڈ پیرنٹ ریلیشن شپ تھراپی کورس (CPRT) کے ذریعے مکمل کیا جا سکتا ہے۔

## ہارٹ ٹو ہارٹ

**ہارٹ ٹو ہارٹ** وہ سیشنز فراہم کرتا ہے جن کو خاص طور پر والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں اور ان کے بچوں یا نوعمر افراد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہوتا ہے۔

ہارٹ ٹو ہارٹ پرلطف، خیالات کا تبادلہ کرنے والے اور کم سرگرمیوں والے وسائل فراہم کرتا ہے جو کہ نگہداشت کرنے والے گروپوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دیتے ہیں۔



ہمارے تھراپسٹ تمام گروپ ممبران کے ساتھ شواہد پر مبنی ٹولز اور تکنیکوں کا اشتراک کرتے ہیں تاکہ تناؤ کو سنبھالنے اور لچکداری پیدا کرنے میں ان کی مدد کی جا سکے۔